روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 30 جولائی 2009ء 7 شعبان 1430 ہجری 30 وفا 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 171

میرے قریب متقی ہوں

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

چاہئے کہ نماز کے وقت تم میں سے میرے قریب صاحب عقل اور متقی لوگ کھڑے ہوں پھر وہ جو ان کے قریب تر ہیں اور پھر وہ جو ان کے قریب ہیں۔

(صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ باب تسویۃ الصفوف حدیث نمبر655)

43 ویں جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر حضور انور ایدہ اللہ کے افتتاحی خطاب کا خلاصہ 24 جولائی 2009ء

جلسوں کی غرض تقویٰ کا حصول اور حقوق اللہ و حقوق العباد کی ادائیگی ہے

اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑو اور نمازوں کو ان کی شرائط کے ساتھ قائم کرو

محض خداتعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ یو۔کے، کے 43 ویں جلسہ سالانہ کا افتتاح مورخہ 24 جولائی 2009ء کو بمقام حدیقۃ المہدی ہمپشائر پاکستانی وقت کے مطابق تقریباً ساڑھے نو بجے رات حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ گاہ میں تشریف لا کر کیا۔ حضور انور نے لوائے احمدیت جبکہ محترم رفیق احمد حیات صاحب امیر جماعت احمدیہ یو۔کے نے برطانیہ کا جھنڈا لہرایا۔ حضور انور نے اجتماعی دعا کرائی۔ بعدازاں حضور انور سٹیج پر رونق افروز ہوئے تو سارا جلسہ گاہ نعروں سے گونج اٹھا۔ احباب جماعت کے پنڈال میں بیٹھ جانے کے انتظار میں حضور انور نے کچھ توقف فرمایا۔ ازاں بعد محترم امیر صاحب یو۔کے نے برطانیہ کی 4 معزز سیاسی شخصیات کو اظہار خیال کے لئے بلایا۔ جنہوں نے حضور انور اور جماعت احمدیہ کو جلسہ سالانہ یو۔کے کی مبارکباد دی اور جلسہ کے انتظامات کو سراہتے ہوئے خیر سگالی کے کلمات کہے اور جماعتی خدمات اور کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ اسی طرح جماعت احمدیہ کے خلاف دنیا بھر میں ہونے والی کارروائیوں پر اظہار ہمدردی بھی کیا۔

بعدۂ حضور انور نے مکرم فیروز عالم صاحب کو تلاوت قرآن کریم کے لئے بلایا۔ تلاوت کے بعد انہوں نے ہی ترجمہ پیش کیا۔ بعدازاں مکرم عصمت اللہ صاحب نے حضرت مسیح موعود کا اردو منظوم کلام ترنم کے ساتھ پیش کیا۔ اس کے بعد حضور انور نے خطاب فرمایا۔ یہ تمام کارروائی MTA انٹرنیشنل پر براہ راست نشر کی گئی۔

حضور انور نے تشہد و سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا کہ حضرت مسیح موعود نے جلسے کی جو اغراض بیان فرمائی ہیں وہ تقویٰ کا قیام ہے۔ فرمایا تقویٰ کیا ہے اپنے آپ کو گناہوں اور ابتلاؤں سے بچانا۔ پھر حضور انور نے تقویٰ کا مفہوم لغت اور عربی اشعار کی روشنی میں بیان کرتے ہوئے فرمایا اللہ تعالیٰ کا خوف دل میں رکھتے ہوئے ہمیشہ تقویٰ کی راہوں پر چلو۔ کوئی لمحہ ایسا نہ ہو جو تمہیں اس سے غافل کر دے۔ یہ تبھی ہو سکتا ہے جب تمہارا موت پر یقین ہوگا۔ حضور انور نے فرمایا کہ حدیث میں آتا ہے کہ ایک دفعہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جو شخص کوئی نیکی کرتا ہے میں اس کو دس گنا بلکہ اس سے بھی زیادہ ثواب دوں گا اور اگر وہ برائی کرتا ہے تو اس کو اسی برائی کے برابر سزا دوں گا۔ یا اسے بخش دوں گا اور جو شخص ایک بالشت میرے قریب ہوتا ہے میں ایک گز اس کے قریب ہوتا ہوں اور جو ایک گز میرے قریب ہوتا ہے میں دو گز اس سے قریب ہوتا ہوں اور جو میرے پاس چلتے ہوئے آتا ہے میں اس کے پاس دوڑتے ہوئے جاتا ہوں۔ پس یہ کوشش ہے جو ہر مومن کو کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف بڑھے۔ ہمیشہ اس کا شکر گزار ہونا چاہئے اور اس کی ذات کو بھولنا نہیں چاہئے۔ یہ باتیں ہیں جو تقویٰ کا باعث بنتی ہیں۔ پس ہم میں سے ہر ایک کی کوشش ہونی چاہئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا کامل فرمانبردار بنے۔ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کو یاد رکھتے ہوئے اپنی زبانوں کو اس کے ذکر سے تر رکھے۔ جب تک اللہ تعالیٰ کی ذات مقدم نہ ہو اس وقت تک ہم نہ ہی کامل فرمانبردار ہو سکتے ہیں اور نہ ہی شکر گزار بن سکتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں عبادات بجالانے کا جو حکم دیا ہے وہ اس لئے ہے کہ بندہ جہاں تک ہو سکے کوشش کرے پھر اللہ تعالیٰ اپنی بخشش اور رحمت فرمائے گا۔ لیکن یاد رکھیں کہ یہ بخشش اور رحمت اسی وقت ممکن ہوگی جب کوشش ہو۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ تقویٰ ہر اک نیکی کی طرف تلقین کرتی ہے اور ہر بدی کی طرف بڑھنے سے روکتی ہے۔ آج جہاں دنیا میں فساد کے نظارے نظر آرہے ہیں صرف احمدی ہی ہیں جو تقویٰ کے حصول کے لئے جلسے منعقد کرتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود نے چند اغراض اس جلسہ کی اپنے الفاظ میں بیان فرمائی ہیں جن کو پڑھ کر یہ واضح ہو جاتا ہے کہ آپ نے جلسہ پر اس لئے بلایا تا کہ وہ آپ کی ملاقات سے اپنے اندر تبدیلی پیدا کرلیں کیونکہ احمدیت کا غلبہ تقویٰ میں ترقی کی وجہ سے ممکن ہے پس ہر احمدی کو حضرت مسیح موعود کے سچے پیروکار بننے کی کوشش کرنی چاہئے۔ ہر ایک راہ تم نیکی کی اختیار کرو نا معلوم کس راہ سے تم چنے جاؤ۔

حضرت مسیح موعود کے قول ''پاک قوتوں کو ضائع مت کرو'' کو بیان کرتے ہوئے حضور انور نے فرمایا پس یہ جلسے انہی مقاصد کے لئے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا حضرت خلیفۃ المسیح الاول ایک دفعہ ایک بزرگ کے پاس چند دن نہ گئے تو انہوں نے فرمایا کہ کبھی قصاب کو چھریاں تیز کرتے دیکھا ہے اگر وہ انہیں نہ رگڑے تو ان پر چربی جم جاتی ہے اس لئے وہ بار بار انہیں رگڑتا ہے ایسا ہی ہمارا اور آپ کا تعلق ہے پس مومن کا کام یہی ہے کہ اپنی پاک قوتوں کو اور چمکائے انہیں صیقل کرے۔ خداتعالیٰ نے جو بہترین طریق بتایا ہے وہ نماز ہے۔ نماز تقویٰ پر چلاتی ہے، برائی سے بچاتی ہے۔

حضور انور نے فرمایا:۔

نماز ہی ایک ایسی نیکی ہے جس کے بجالانے سے شیطانی کمزوری دور ہوتی ہے۔

فرضی نمازوں کو تمام شرائط کے ساتھ ادا کرنے کے بعد نفلی عبادات کا ذکر ہے۔ ذکر الٰہی نماز کا قائمقام نہیں ہو سکتا وہ ایک زائد چیز ہے۔ اللہ تعالیٰ کی یاد سے

باقی صفحہ 2 پر

بدعت سے اجتناب کریں

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

یقیناً سب سے سچی تعلیم اللہ تعالیٰ کی کتاب میں بیان ہوئی ہے اور سب سے بہتر ہدایت (طریق) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی سنت ہے اور سب سے بُرے امور (میری سنت میں) نئی چیزیں پیدا کرنا ہے کیونکہ ہر نئی چیز بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی کا انجام بالآخر دوزخ ہے۔

(سنن النسائی کتاب صلوٰۃ العیدین باب کیف الخطبۃ)

حضرت اقدس مسیح موعود نے فرمایا

''میں دیکھتا ہوں کہ ہمارے گھروں میں قسم قسم کی خراب رسمیں اور نالائق عادتیں جن سے ایمان جاتا رہتا ہے، گلے کا ہار ہو رہی ہیں اور ان بُری رسموں اور خلافِ شرع کاموں سے یہ لوگ ایسا پیار کرتے ہیں جو نیک اور دینداری کے کاموں سے کرنا چاہئے۔......سو آج ہم کھول کر باآواز بلند کہہ دیتے ہیں کہ سیدھا راہ جس سے انسان بہشت میں داخل ہوتا ہے، یہی ہے کہ شرک اور رسم پرستی کے طریقوں کو چھوڑ کر دین (-) کی راہ اختیار کی جائے اور جو کچھ اللہ جلّشانہ نے قرآن شریف میں فرمایا ہے اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت کی ہے۔ اس راہ سے نہ بائیں طرف منہ پھیریں، نہ دائیں اور ٹھیک ٹھیک اسی راہ پر قدم ماریں اور اس کے برخلاف کسی راہ کو اختیار نہ کریں۔''

(مجموعہ اشتہارات جلد اصفحہ 84، جدید ایڈیشن)

(مرسلہ ناظر صاحب اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل سفارشات شوریٰ 2009ء)

ماہر امراض معدہ وجگر کی آمد

مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ و جگر مورخہ 6 راگست 2009ء کو بوقت بعد 10:00 بجے صبح ایڈمنسٹریشن بلاک میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں اور شعبہ پرچی سے اپنی رجسٹریشن کروالیں ۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

بقیہ از صفحہ 1: **افتتاحی خطاب حضور انور**

انسان کبھی غافل نہ ہو۔ جو دم غافل وہ دم کافر۔ پس جلسہ کے یہ دن جو خاص ماحول لئے ہوئے ہیں۔ ان دنوں میں ایک پاک تبدیلی ہمیں اپنے اندر پیدا کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ پھر فرمایا جلسہ کے دنوں میں جو نمازیں جمع ہوتی ہیں تو اسے مستقل عادت نہیں بنا لینی چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا پس جو کوئی اس جلسہ میں نیک نیت لئے آتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے نور کا مشاہدہ کرتا ہے اس جلسہ میں شامل ہونے سے ہمارے روحانی معیار بلند ہونے چاہئیں عبادتوں کے معیار بلند ہونے چاہئیں اور یہ صورت اس وقت پیدا ہوسکتی ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کو تمام طاقتوں کا سرچشمہ سمجھیں گے۔ خدا تعالیٰ کی طرف توجہ اور غفلت سے بچنا ہی اس کی توحید کا اقرار ہے۔ تبھی خدا تعالیٰ یاد رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ کا یاد کرنا کیا ہے؟ یہی کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو انعامات سے نوازتا ہے پھر حضرت مسیح موعود نے تقویٰ کے حصول کے لئے حقوق اللہ کی ادائیگی کے بعد حقوق العباد کی ادائیگی کی طرف توجہ دلائی ہے۔ یہی بات شرائط بیعت میں بھی آپ نے بیان فرمائی ہے۔ ایک حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو۔ حسد نہ رکھو اور کسی مومن کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی سے 3 دن سے زیادہ ناراض رہے۔

حضور انور نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی رسی کے پکڑنے سے مراد ایک تو احکامات ہیں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ جو قرآن کریم کے 700 حکموں میں سے کسی ایک کو بھی ٹھکراتا ہے وہ میری جماعت میں سے نہیں۔ پس قرآن کریم کی حکومت اپنے اوپر لاگو کرو۔

حضور انور نے فرمایا اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود کے ساتھ سچا تعلق ہے جو اللہ تعالیٰ کی رسی ہے۔ یہ وہی حبل اللہ ہے جو ہماری نجات ہے کیونکہ آپ ہی ہیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ سے زندہ تعلق رکھنے کے راستے دکھائے ہیں اور پھر خلافت کا دائمی نظام اللہ تعالیٰ کی رسی ہے جس کی پیشگوئی فرمائی گئی ہے۔

پس خلافت بھی ایک انعام ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ میں آپس میں الفت پیدا کرنے کے لئے حضرت مسیح موعود کے ماننے والوں کو عطا کیا ہے۔ پس اس رسی کو بھی مضبوطی سے پکڑیں اور اس سے فیض پانے والے اور اس رسی کو پکڑنے والے وہی ہیں جو نمازوں کا قیام کرتے ہیں۔ پس اس انعام کی بھی قدر کریں اور جلسہ کے ان دنوں میں اپنے اندر تبدیلی پیدا کرنے کے علاوہ اس کے قیام کے لئے بھی دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ ہر ایک کو ہر شر سے بچائے۔ آخر پر حضور نے دعاؤں کی طرف توجہ دلائی کہ بہت دعائیں کریں اور کثرت سے دعائیں کریں۔ یہی وہ چیز ہے جو ہماری نسلوں کی بقا اور جماعت کی بقا کا ذریعہ ہے۔

اس افتتاحی خطاب کے بعد حضور انور نے دعا کروائی۔

سیمینار تحریک جدید

(زیر انتظام: وکالت مال اول تحریک جدید ربوہ)

خدا تعالیٰ کے فضل سے مورخہ 19 جولائی 2009ء کو بمقام سبزہ زار دفاتر تحریک جدید ربوہ وکالت مال اول تحریک جدید کو سیمینار بر موضوع تحریک جدید بعد نماز عصر 7 بجے سہ پہر منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

تقریب کے مہمان خصوصی محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید ربوہ تھے۔ تقریب کے شرکاء میں ربوہ کے صدران محلّہ سمیت دیگر جماعتی عہدیداران کی تعداد 500 کے قریب تھی۔

تلاوت قرآن کریم کے بعد مکرم لئیق احمد عابد صاحب ایڈیشنل وکیل المال اول نے سیمینار کا تعارف اور حضرت مصلح موعود کا ایک اقتباس پیش کیا۔ جس میں حضور نے فرمایا کہ قادیان میں بھی اور بیرونی جماعتوں میں بھی ہر جگہ جلسے کئے جائیں۔ لجنہ اماء اللہ الگ جلسے کریں انصار اللہ الگ جلسے کریں خدام الاحمدیہ الگ جلسے کریں اور تحریک جدید کے مطالبات اور اس کے اصول کو پھر تازہ کیا جائے اور دوبارہ تحریک جدید کو زندہ کر کے اور اس کے مطالبات کی اہمیت بتا کر لوگوں کے اندر زیادہ سے زیادہ قربانی اور ایثار کا مادہ پیدا کیا جائے۔

(مطالبات صفحہ 177)

اس کے بعد مکرم امیر صاحب فرانس اشفاق ربانی صاحب نے تقریر کی۔ جس میں انہوں نے ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے ذریعے فرانس میں دعوت الی اللہ کے اثر انگیز نظارے اور اس کے نتیجہ میں حاصل ہونے والے پھلوں کی روداد ایمان افروز واقعات کی صورت میں پیش کی۔

بعدہ محترم مہمان خصوصی نے خطاب کیا جس میں انہوں نے تحریک جدید کے ایک الٰہی تحریک ہونے، بانی تحریک جدید کے بلند مقام، تحریک جدید کے نظام کا وصیت کے نظام سے گہرا تعلق ہونے اور تحریک جدید کی برکت سے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی توقعات کے مطابق نظام وصیت سے متعلقہ حصول ٹارگٹ کے بارے میں ٹھوس اور اہم معلومات سے احباب کو آگاہ کیا نیز تحریک جدید کی اہمیت، فضائل اور برکات بیان کرتے ہوئے اس سے متعلقہ بعض واقعات بھی پیش کئے اور ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے ذریعہ پوری دنیا میں پھیلنے والی سچائی اور حق کی روشنی کو تحریک جدید کا ثمرہ قرار دیا۔

خطاب کے بعد مکرم لئیق احمد عابد صاحب نے اختتامی کلمات کہے اور مکرم مہمان خصوصی، معزز مہمان اور دیگر شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔ جس کے بعد محترم مہمان خصوصی نے اجتماعی دعا کروائی اور اس طرح سیمینار اختتام پذیر ہوا۔ آخر پر تمام شرکاء کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

☆......☆......☆

تبصرہ

اَلصَّلٰوۃُ مُخُّ الْعِبَادَۃ

(نماز عبادت کا مغز ہے)

نام کتاب: **اَلصَّلٰوۃُ مُخُّ الْعِبَادَۃ**
(نماز عبادت کا مغز ہے)

مرتبہ: امۃ النور طیب صاحبہ
ناشر: لجنہ اماء اللہ ضلع کراچی
صفحات: 265

دنیا کا کوئی مذہب ایسا نہیں جس میں عبادت نہ ہو۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ جن و انس کو میں نے محض عبادت کے لئے پیدا کیا ہے اور عبادات میں اقم الصلوٰۃ کا تاکیدی حکم قرآن کریم میں بار بار آیا ہے۔ یعنی نماز کو قائم کرو۔ زیر تبصرہ کتاب نماز کے بارہ میں حضرت مسیح موعود کے ارشادات پر مشتمل ہے۔ جس کا ٹائٹل آنحضرت ﷺ کی ایک حدیث اَلصَّلٰوۃُ مُخُّ الْعِبَادَۃ ہے۔ یعنی نماز عبادت کا مغز ہے۔ قارئین کی خدمت میں اس کتاب میں سے چند اقتباسات پیش خدمت ہیں۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''نماز کیا چیز ہے۔ نماز دراصل رب العزۃ سے دعا ہے۔ جس کے بغیر انسان زندہ نہیں رہ سکتا اور نہ عافیت اور خوشی کا سامان مل سکتا ہے۔

(ملفوظات جلد دوم ص 615، بحوالہ کتاب ''الصلوٰۃ مخ العبادۃ ص 20)

پھر حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

نماز کیا ہے؟ یہ ایک دعا ہے جس میں پورا درد اور سوزش ہو اسی لئے اس کا نام صلوٰۃ ہے کیونکہ سوزش اور فرقت اور درد سے طلب کیا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ بد ارادوں اور برے جذبات کو اندر سے دور کرے اور پاک محبت اس کی جگہ اپنے فیض عام کے ماتحت پیدا کردے۔

صلوٰۃ کا لفظ اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ نرے الفاظ اور دعا ہی کافی نہیں بلکہ اس کے ساتھ ضروری ہے کہ ایک سوزش، رقت اور درد ساتھ ہو۔ خدا تعالیٰ کسی دعا کو نہیں سنتا جب تک دعا کرنے والا موت تک نہ پہنچ جاوے..........نماز بڑی اعلیٰ درجہ کی دعا ہے مگر افسوس لوگ اس کی قدر نہیں جانتے اور اس کی حقیقت صرف اتنی ہی سمجھتے ہیں کہ رسمی طور پر قیام، رکوع، سجود کر لیا..........نماز سے بڑھ کر خدا کی طرف لے جانے والی کوئی چیز نہیں۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 93 بحوالہ کتاب الصلوٰۃ مخ العبادہ ص 22 تا 25)

اسی طرح ایک اور جگہ آپ فرماتے ہیں۔

''جس گھر میں اس قسم کی نماز ہوگی وہ گھر کبھی تباہ نہ ہوگا۔ حدیث شریف میں ہے کہ اگر نوح علیہ السلام کے وقت میں یہ نماز ہوتی تو وہ قوم کبھی تباہ نہ ہوتی۔ حج بھی انسان کے لئے مشروط ہے، روزہ بھی مشروط ہے۔ زکوٰۃ بھی مشروط ہے۔ مگر نماز مشروط نہیں۔ سب ایک سال میں ایک ایک دفعہ ہیں۔ مگر اس کا حکم ہر روز پانچ دفعہ ادا کرنے کا ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 627، بحوالہ کتاب الصلوٰۃ مخ العبادۃ ص 63)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے پابندیٔ نماز کے بارے میں خواتین کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:

''تم شجرۂ طیبہ بنو! تم وہ درخت بنو جو نہ صرف خوش شکل ہو بلکہ خوشبودار بھی ہو..........پس چاہئے کہ تمہاری نمازیں ایسی خوشبودار ہوں، صدقہ و خیرات ایسا خوشبودار ہو کہ خود بخود دوسرے لوگ متاثر ہوتے چلے جائیں۔ جب تمہارے اندر یہ خوشبو پیدا ہو جائے گی تو نتیجہ یہ ہوگا کہ لوگ بھاگ بھاگ کر تمہاری طرف آئیں گے اور تم لوگوں کو احمدیت کی طرف کھینچنے کا ذریعہ بن جاؤ گی۔''

(الازھار لذوات الخمار حصہ اول، ص 359 بحوالہ کتاب الصلوٰۃ مخ العبادۃ ص 4)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے فرمایا:

''اگر تم یہ خیال کرتے ہو کہ حضرت اقدس مسیح موعود کو ماننے سے تم آسمان پر نجات یافتہ لکھے جاؤ گے تو یہ خیال غلط ہے۔ میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جب تک زمین پر تم خدا کی عبادت کو قائم نہیں کرو گے آسمان پر تم نجات یافتہ نہیں لکھے جاؤ گے اس لئے زمین پر عبادتوں کو قائم کرو۔''

(خطبہ جمعہ 17 جون 1988ء از الفضل 19 ر اپریل 2004ء بحوالہ کتاب الصلوٰۃ مخ العبادۃ ص 5)

لجنہ اماء اللہ ضلع کراچی نے صد سالہ جشن تشکر کے سلسلہ میں کم از کم سو کتب کی اشاعت کی ذمہ داری لی تھی۔ اس حوالہ سے زیر تبصرہ کتاب ''الصلوٰۃ مخ العبادۃ'' اس سلسلہ کی 92 ویں کڑی ہے۔

یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ نماز کے حوالے سے ترتیب دیئے گئے مختلف عناوین پر مشتمل ہے جنہیں ابواب میں باندھا گیا۔ جبکہ دوسرا حصہ فقہی مسائل پر مشتمل ہے۔ اس کتاب کے تمام مضامین حضرت مسیح موعود کے ارشادات کی روشنی میں نہایت خوبی سے پیش کئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ راہنمائی کے لئے کتاب کے شروع میں انڈکس بھی دیا گیا ہے۔ مادیت کے اس دور میں اس موضوع پر یہ کتاب ایک مفید اضافہ ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے عبادت گزار بندوں میں شامل ہونے کی توفیق اور ہمت دے۔ آمین

(اے۔ نور)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم محمد اشرف کاہلوں صاحب

سیرت حضرت مسیح موعود کے چند زریں گوشے

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''ہمارے بڑے اصول دو ہیں۔ خدا کے ساتھ تعلق صاف رکھنا اور اُس کے بندوں کے ساتھ ہمدردی اور اخلاق سے پیش آنا''

(ذکر حبیب ص180 از حضرت مفتی محمد صادق صاحب)

حضرت اقدس مسیح موعود نے ''دین حق'' کا خلاصہ جو بیان فرمایا۔ آپ کی حیات طیبہ اِن کا ایک کامل واکمل نمونہ تھی۔ تعلق باللہ اور ہمدردی وشفقت علیٰ خلق اللہ میں آپ کا اسوہ حسنہ احیائے دین حق کے آئینہ میں لوگوں کے لئے شمع ہدایت بنا رہا۔ یہی وہ نورِ روحانیت تھا جو سعید روحوں کے صحن کو منور اور روشن کرتا رہا۔ اور ''غریب وبیکس وگمنام وبے ہنر'' کا مسکن مرجع خلائق خواص بنا۔

اس پاکباز اور مقدس وجود کی سیرت کی چند جھلکیاں حسن معاشرت کے پیرایہ میں پیش ہیں۔

والدین کا احترام

تہذیب نَو کی چکا چوند روشنی والدین کے احترام کو خیرہ کر رہی تھی۔ دلوں سے اطاعت والدین کا احساس مفقود ہو چلا تھا۔ آپ نے والدین سے محبت اور وفا کے فطری جذبہ کو جلا بخشی۔ والدہ ماجدہ سے محبت کا رنگ کمال حُسن اپنے اندر رکھتا ہے۔ حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی بیان کرتے ہیں ''بارہا دیکھا گیا کہ جب کبھی آپ والدہ صاحبہ کا ذکر کرتے۔ تو آپ کی آنکھیں ڈبڈبا آتی تھیں۔ اور آپ ایک قادرانہ ضبط سے اس اثر کو ظاہر نہ ہونے دیتے تھے''۔

(حیات احمد ص347)

حضرت اقدس کے قلب صافی میں اپنے والدِ گرامی حضرت مرزا غلام مرتضٰی صاحب کا ادب و احترام عجب دلرُبا کیفیت کا انداز لئے ہوئے تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ''حضرت اقدس جب والد صاحب کی خدمت میں جاتے تو نظر نیچے ڈال کر چٹائی پر بیٹھ جاتے تھے۔ آپ کے سامنے کرسی پر نہیں بیٹھتے تھے''۔

(حیات احمد ص345 از یعقوب علی عرفانی صاحب)

دوسروں کی دلداری کرنا

دلداری کرنا بھی آپ کا خاص وصف تھا۔ ورنہ لوگ اسے عموماً چنداں اہم خیال نہیں کرتے اور ناگواری کا اظہار برملا کرتے ہیں۔ لیکن حضرت صاحب نہایت خندہ پیشانی اور کشادہ دلی کا رویہ اپناتے۔ حضرت مفتی محمد صادق صاحب بیان کرتے ہیں کہ ''اگر کوئی دوست اپنی کوئی نظم یا تصنیف سنانا چاہتے تو مجلس میں سن لیتے تھے۔ نظم میں اگر کچھ خامیاں یا غلطیاں ہوتیں تو کچھ گرفت نہ کرتے تھے۔

ایک دفعہ ایک احمدی عبدالرحمٰن نام فرید آبادی نے اپنی نظم سنائی۔ جس سے مجلس میں سب لوگ ہنسے اور حضرت صاحب بھی ہنستے رہے''۔

(ذکر حبیب ص34)

غُرباء کا خیال

آپ ایک غریب پرور وجود تھے۔ میاں علی محمد صاحب ذکر کرتے ہیں کہ انہیں بالن (ایندھن) کی ضرورت تھی۔ حضرت اقدس سے درخواست کی۔ آپ نے جھنڈو باغباں کو کہا کہ اسے بالن دے دو۔ اُس نے مجھے یہ دے دیا۔ پیچھے سے عنایت بیگ آیا۔ اس نے بالن مجھ سے رکھوا لیا۔ میں واپس چلا آیا اور جب حضرت صاحب سے ملا۔ تو آپ نے فرمایا کیا دس دن کا گزارہ ہو جائے گا؟ اس پر میں نے واقعہ بیان کیا تو آپ کا چہرہ سرخ ہو گیا۔ اُسی وقت جھنڈو کو بلایا اور بہت ناراض ہوئے کہ ایک غریب کو جب دیا گیا تو کیوں چھین لیا گیا۔ اب تم خود اٹھا کر اس کے گھر چھوڑ کر آؤ۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ (حیات احمد ص345)

سوال ردنہ کرنا

حسبِ حالات آپ ہرگز سوال ردّ نہ فرماتے تھے سائل کی مدد فرماتے یہ کہنا بجا ہے کہ حضرت اقدس کے در سے کوئی سوالی خالی ہاتھ کبھی نہ لوٹا۔ حضرت صاحب بیان فرماتے ہیں کہ ''میرے پاس ایک چھوٹی سی حمائل ہوا کرتی تھی۔ جس کا خط بھی بہت واضح تھا اور وہ مجھے پسند تھی۔ مگر ایک شخص نے سوال کیا۔ تو میں نے اُسے دے دی تا کہ سوال رد نہ ہو''۔

(ذکر حبیب ص177 از حضرت مفتی محمد صادق صاحب)

جُودوسخا

حضرت صاحب جُودوسخا کے حسین وجمیل پیکر تھے ابرِ عنایات ونوازشات ہر ذرّہِ زمین پر برسنے والا تھا۔ ابر جودوسخا کے چھینٹے جس پر بھی جتنے پڑے وہ شاداں و فرحاں گیا۔

رمضان کے مہینے میں ایک سائل نے قادیان کا چکر لگایا۔ حضرت صاحب نے متعدد بار اس کو بہت کچھ دیا۔ مگر وہ کہتا ''میرا پیالہ بھر دو''عید کے دن وہ بہت بڑا پیالہ لے کر آ گیا اور بیت کے دروازہ کے قریب چادر بچھا کر بیٹھ گیا۔ جب حضرت مسیح موعود تشریف لائے تو سوال کیا کہ ''میرا پیالہ بھر دو''حضرت اقدس نے اس میں ایک روپیہ ڈالا۔ اس روپیہ کا ڈالنا تھا کہ روپوں کا مینہ برس گیا اور مختلف سکوں سے اس کا پیالہ بھر دیا گیا۔ حضرت صاحب نے جب سائل کا سوال سنا تھا تو متبسم ہوئے اور مسکراہٹ کے ساتھ اپنا روپیہ اُس کے پیالے میں ڈالا۔

(سیرت مسیح موعود ص4-303 از حضرت یعقوب علی عرفانی صاحب)

عفوودرگذر

حضرت مسیح موعود کے غلاموں سے جب تساہل پسندی واقع ہوتی تو آپ درگزر فرماتے تھے۔ حضرت حافظ غلام محی الدین صاحب بھیروی حضرت خلیفہ اول مولوی نورالدین کے ساتھ ہی قادیان میں رہائش پذیر ہوگئے تھے۔ وہ حضرت مسیح موعود کی ڈاک لانے اور لے جانے کی خدمت انہوں نے خود ہی اپنے ذمہ لی ہوئی تھی۔ جب حضرت صاحب کی ڈاک لے کر ڈاک خانہ جاتے تو دوسرے احباب بھی اپنے خطوط ان کے سپرد کر دیتے کہ ڈاک میں ڈال دینا۔

پنڈت لیکھرام کے متعلق جب پیش گوئی پوری ہوئی اور حضرت صاحب کی خانہ تلاشی ہوئی تو پولیس نے حافظ صاحب کے حجرہ کی بھی تلاشی لی۔ شاید کوئی ثبوت مل جائے۔ اسی اثنا میں بہت سے خطوط ملے جو نہ تو ڈاک میں ڈالے گئے اور نہ ہی تقسیم ہوئے۔ حضرت مسیح موعود کو جب اس بات کا علم ہوا۔ تو حافظ صاحب سے ہنستے ہوئے پوچھا''۔ حافظ جی یہ خط رکھنے کیلئے تو نہیں دیئے گئے تھے۔ اگر آج یہ نہ دیکھے جاتے تو پتہ بھی نہ لگتا اور ہم سمجھتے رہتے کہ خط لکھ دیا ہوا ہے ادھر دوسرے لوگ سمجھتے کہ ہم خط لکھ چکے ہیں۔ خیر جو ہو گیا اچھا ہو گیا مصلحت ایسی یہی ہوگی''۔

(سیرت حضرت مسیح موعود ص111-110 از حضرت یعقوب علی عرفانی صاحب)

مہمان کی مشایعت

اکرامِ ضیف تو اپنی جگہ ایک اعلیٰ خلق ہے۔ لیکن اس کے ایک پہلو کو اکثر لوگ نظر انداز کر دیتے ہیں اور گھر کی دہلیز سے ہی مہمان کو خدا حافظ اور الوداع کر دیا جاتا ہے۔ جبکہ مناسب فاصلہ تک الوداع کے موقع پر مہمان سے مشایعت اکرامِ ضیف کے خُلق کو چار چاند لگا دیتا ہے۔ اور اس کا حق ادا ہو جاتا ہے حضرت مسیح موعود مہمان سے مشایعت کا خاص خیال رکھتے تھے

حضرت صاحب کے دورِ مسعود میں ایک روسی سیاح جو تاجر بھی تھا قادیاں وارد ہوا۔ وہ انگریزی زبان بولتا تھا۔ حضرت مفتی محمد صادق صاحب کے ذریعہ اُس کے ساتھ حضرت صاحب کی گفتگو ہوئی۔ بیت اقصیٰ میں اُس نے آپ کا فوٹو بھی لیا۔ دوسرے دن صبح کے وقت جب وہ جانے لگا تو حضرت مسیح موعود اُس کی مشایعت کے واسطے باہر اُس کے ساتھ چلے اور دعوت الی اللہ کرتے رہے۔ مولوی محمد علی صاحب مترجم تھے۔ اسی دوران جماعت کا ایک بڑا گروہ ساتھ ہو گیا اور یہ پیدل کارواں نہر تک پہنچ گیا اور حضرت صاحب نے یہاں سے اُسے رخصت کیا۔ قادیان سے یہ فاصلہ قریباً 4 میل بنتا ہے۔ اللہ! اللہ! کیا شان مسیح موعود ہے؟ جس نے دین حق کے ہر گوشہ کو اپنی عملی زندگی اور اُسوہ حسنہ سے روشن کیا ہے۔

دشمنوں سے حسن سلوک

سید نور احمد صاحب افغانستان سے ہجرت کر کے قادیان چلے آئے۔ ڈھاب کے قریب بہ اجازت حضرت صاحب انہوں نے اپنے مکان کی تعمیر شروع کی تو سکھوں اور ہندوؤں نے بلوہ کر دیا۔ اس بلوہ میں ایک برہمن کو ضربات آئیں اور سید نور احمد صاحب بھی لہولہان ہوگئے۔ فریق مخالف مقدمہ عدالت لے گیا اور جماعت کی طرف سے اس کارروائی پر پولیس کو اطلاع دی گئی۔ اور فریق مخالف کے سولہ آدمیوں کا چالان ہوا۔ نیال سنگھ بانگرو نے فریق مخالف آریوں کو مقدمہ بازی پر اکسایا تھا دوران مقدمہ اُسے مشک کی ضرورت پڑی۔ جو ایک قیمتی چیز ہے۔ وہ حضرت اقدس کے دروازہ پر گیا اور دستک دی۔ حضرت اقدس باہر تشریف لائے۔ اُس نے کہا۔ ''مرزا صاحب مشک کی ضرورت ہے۔ کسی جگہ سے ملتی نہیں۔ آپ کچھ دے دیں''۔ آپ کے علم میں تھا کہ یہ فتنہ میں ایک لیڈر کی طرح حصہ لیتا ہے۔ اس کے باوجود فرمایا۔ ٹھہرو۔ میں لاتا ہوں چنانچہ آپ اندر تشریف لے گئے اور تقریباً 1/2 تولہ مشک لا کر حوالہ کر دی۔ عفوودرگزر کی ایک بے مثل نظیر حضرت اقدس کی سیرت پاک میں یوں بھی ملتی ہے

عیادت مریض

اگر دیکھا جائے تو جہاں بیماری خود بیمار کے ایمان اور اخلاق کی ایک کسوٹی ہے۔ اسی طرح دوسرے لوگوں کے اخلاق اور ہمدردی جانچنے اور پرکھنے کا ایک ذریعہ بھی ہے۔ حضرت مسیح موعود کے ہاں عیادت کے سلسلہ میں دوست دشمن مومن اور کافر کی کوئی تخصیص اور امتیاز نہ تھا۔ آپ کا یہ فیضان عام نہیں بلکہ اعم تھا۔

لالہ شرمپت کی تیمارداری

حضرت صاحب کے متعدد نشانات آسمانی کے یہ گواہ تھے۔ ان کے شکم پر ایک پھوڑا نکلا۔ جس نے دنبل کی شکل اختیار کر لی۔ حضرت مسیح موعود کو علم ہوا تو آپ عیادت کے لئے اس کے تنگ وتاریک گھر میں تشریف لے گئے۔ شرمپت پریشان انسان کی طرح بے قراری سے باتیں کرنے لگا۔ آپ نے اُسے تسلی دی اور فرمایا ڈاکٹر عبداللہ صاحب تمہارا علاج کریں گے۔ دوسرے دن خود ہی حضرت اقدس ڈاکٹر صاحب کو ساتھ لے گئے۔ علاج پر مامور کر دیا اور علاج کا بار بھی اس پر نہ ڈالا۔ مناسب صحت مند ہونے تک برابر حضرت صاحب عیادت کے لئے تشریف لے جاتے رہے۔

(سیرت حضرت مسیح موعود ص169 از یعقوب علی عرفانی صاحب)

مہر حامد کی عیادت

مہر حامد قادیان کے آرائیوں میں سے پہلا آدمی تھا جو سلسلہ عالیہ احمدیہ میں حضرت اقدس کی بیعت کر کے داخل ہوا۔ اُس کا گھر اسی جگہ تھا جہاں گاؤں کی روڑیاں ہوتی ہیں۔ سخت بدبو اور تعفن کی جگہ تھی۔ اُس کے گھر کے اندر بھی صفائی کا کوئی التزام نہ تھا۔ گوبر

وغیرہ پڑا تھا۔ وہ بیمار ہو گیا۔ حضرت صاحب متعدد بار اپنے رفقاء کے ساتھ اُس کی عیادت کو تشریف لے گئے گو حضرت اقدس فطرتاً نفاست پسند تھے مگر آپ نے اشارۃً یا کنایۃً اس کا اظہار نہ فرمایا۔ عیادت اور خبر گیری کے لئے جاتے رہے۔ دلجوئی کی باتیں کرتے۔ توجہ الی اللہ کی ہدایت فرماتے۔ موقعہ کے مطابق ادویات بھی بتاتے۔ گویا حضرت اقدس ایک عزیز خیال کرتے ہوئے اُس کے پاس جاتے۔

(سیرت حضرت مسیح موعود ص173-172 از یعقوب علی عرفانی صاحب)

ہمدردی وخیرخواہی عامہ

مخلوق خدا کی ہمدردی اور خیرخواہی میں آپ کے وقتِ عزیز کا بہت سا حصہ خرچ ہوتا تھا قادیان کے گرد ونواح کی گنوار عورتیں دوائی لینے آجاتیں تو حضرت صاحب دوسرے کام چھوڑ کر اس طرف توجہ فرماتے۔ ایک مرتبہ حضرت مولوی عبدالکریم صاحب نے خود اپنے ذاتی مشاہدہ کی بنا پر کہ دو تین گھنٹے اسی میں صرف ہوئے ہیں۔ اسے تضیع اوقات سمجھ کر عرض کیا تو فرمایا "یہ بھی تو ویسا ہی دینی کام ہے۔ یہ مسکین لوگ ہیں۔ یہاں کوئی ہسپتال نہیں۔ میں ان لوگوں کی خاطر ہر طرح کی انگریزی اور یونانی دوائیں منگوا رکھتا ہوں۔ جو وقت پر کام آجاتی ہیں۔ اور فرمایا "یہ بڑا ثواب کا کام ہے۔ مومن کو ان کاموں میں سست اور بے پروا نہ ہونا چاہئے"۔

(سیرت حضرت مسیح موعود از حضرت مولانا عبدالکریم صاحب ص38)

حضرت اقدس پیکر حلم وکرم ہمدردی خلق اللہ کے بارے میں فرماتے ہیں "اور اُس کی توحید زمین پر پھیلانے کے لئے اپنی تمام طاقت سے کوشش کرو۔ اور اُس کے بندوں پر رحم کرو اور ان پر زبان یا ہاتھ یا کسی تدبیر سے ظلم نہ کرو۔ اور مخلوق کی بھلائی کے لئے کوشش کرتے رہو۔ اور کسی پر تکبر نہ کرو۔ گو اپنا ماتحت ہو اور کسی کو گالی مت دو۔ گو وہ گالی دیتا ہو۔ غریب اور حلیم اور نیک نیت اور مخلوق کے ہمدرد بن جاؤ تا قبول کئے جاؤ"۔ (کشتی نوح روحانی خزائن جلد19 ص11)

پکا نمازی تھا

مکرم کرنل (ر) ڈاکٹر رشید علی صاحب ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کے متعلق لکھتے ہیں۔

میں بھی لندن والے سلام سے واقف ہوں۔ میں خود وہاں جا کر مشینیں وغیرہ خریدا کرتا تھا اس شخص کا اس ملک پر احسان ہے کہ اس نے ابتدائی سالوں میں ہماری بے حد مدد کی۔ وہ ایک پکا نمازی...... تھا۔

(مضمون "میں نے کہوٹہ بنتے دیکھا" از کرنل (ر) قاضی رشید علی، روزنامہ اوصاف اسلام آباد 25 جون 1998ء)

مکرم ڈاکٹر نصیر احمد زاہد صاحب

مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کی یادیں

محترم جناب ڈاکٹر صاحب نہایت اعلیٰ کردار کے مالک تھے خوش گفتار تھے۔ بڑے ملنسار انسان تھے ان تھک تھے۔ بے حد محنتی تھے۔ چہرے پر دائمی مسکراہٹ تھی۔ اظہار ناراضگی میں بھی ایک اپنائیت کا رنگ جھلکتا تھا۔ مہمانوں اور دوستوں پر جان چھڑکتے تھے۔ ان کے دارالشفاء میں امیر غریب، مسلم، غیر مسلم سب آتے "محبت سب کیلئے نفرت کسی سے نہیں" کی تصویر تھے۔

مکرم جناب ڈاکٹر صاحب کے والد جناب ڈاکٹر عبدالرحمن صاحب صدیقی قیام پاکستان کے ساتھ ہی جماعت احمدیہ کے امام حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانی کے حکم پر میرپور خاص سندھ تشریف لے آئے۔ اور یہاں پر مخلوق خدا کی خدمت کیلئے خود کو وقف کر دیا، مکرم ومحترم جناب ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب نے اعلیٰ تعلیم امریکہ میں حاصل کی۔ اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد اپنے بزرگ والد صاحب کے حکم سے میرپور خاص تشریف لے آئے۔ ان کے والد صاحب نے انہیں نصیحت کی تھی کہ "بیٹے تمہیں اعلیٰ تعلیم دولت کمانے کے لئے نہیں دلوائی تھی بلکہ پاکستان میں غریبوں، ناداروں کی خدمت کیلئے دلوائی تھی۔ پاکستان میں جہاں تمہیں انسانیت کی خدمت کے مواقع حاصل ہوں گے وہیں تم جماعت احمدیہ کے لئے خود کو اچھے اور بہتر رنگ میں وقف کر سکو گے"۔ جناب ڈاکٹر صاحب اپنے والد صاحب کی نصیحت پر عمل کرتے ہوئے 1992ء میں پاکستان تشریف لے آئے۔

جناب ڈاکٹر عبدالمنان صاحب پاکستان کیا تشریف لائے۔ آتے ہی فضل عمر شفاخانہ کو ایک جدید ہسپتال بنانے کا عہد کر لیا۔ قدرت نے دستِ شفاء عطاء فرمایا تھا۔ ہر وقت مریض بیچارے دور دراز سے آتے۔ بہت سے مریض ڈاکٹر صاحب کے ہنستے مسکراتے چہرے کو دیکھ کر اپنی بیماری بھول جاتے۔ نادار اور غریب مریض اس قدر شفقت پاتے تھے کہ عام انسان جس کا اندازہ نہیں کر سکتا۔ کسی کی معائنہ فیس معاف ہو رہی ہے۔ کسی کی ایکسرے فیس معاف ہو رہی ہے۔ کسی سے لی ہوئی فیس اس کے غریب ہونے پر اسے واپس لوٹائی جا رہی ہے۔ کسی کو سب کچھ معاف کر کے دوائیں مفت دی جا رہی ہیں۔ دعائیں دی جا رہی ہیں۔ خود کو خاک کا ایک پتلا سمجھ کر راتوں کو اُٹھ اُٹھ کر دعائیں کی جا رہی ہیں۔ "اس شفاخانے میں آنے والوں کو شفا دے میرے مالک" عجیب انسان تھا۔ کس طرح کن الفاظ میں اس کی تعریف کریں۔

ستر بستروں پر مشتمل چار منزلہ فضل عمر ہسپتال میرپور خاص گرد ونواح کے دور دراز کے مریضوں کے لئے ایک صحت بخش مقام بن گیا۔ جہاں ہر قسم کے ایکسرے، ٹیسٹ اور دل کے مریضوں کے لئے خود ڈاکٹر صاحب موجود تھے ہر قسم کے مریضوں کے لئے ڈاکٹر صاحبان کی ٹیم اور دیگر عملہ چوبیس گھنٹے چاق و چوبند خدمت کے لئے تیار رہتے۔ مریضوں کا اژدہام ہو جاتا لیکن ڈاکٹر صاحبان انتہائی شفقت کے ساتھ ہنستے مسکراتے ہوئے مریضوں کا علاج کرتے۔ ڈاکٹر عبدالمنان صاحب تو خاص طور پر مریضوں کی مکمل شفایابی کیلئے دعائیں کرتے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دعا کے لئے عرض کرتے۔

مکرم جناب ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب صدیقی کی وفات ہوئی تو بارِ امارت ضلع میرپور خاص اٹھانے کیلئے جناب ڈاکٹر عبدالمنان صاحب کا انتخاب ہوا۔ کم عمر ناتجربہ کار بدیس پلٹ ڈاکٹر صاحب نے اس خوبی، وفا اور محنت سے جماعت کی خدمت شروع کی جیسے ان کا خمیر اسی کام کیلئے بنایا گیا ہو چھوٹی جماعتوں کے دوروں کے دوران انہیں اس بات کا بے حد ادراک ہوا کہ شہروں کی نسبت دیہاتوں کی حالتِ زار بے حد افسوسناک ہے۔ وہ بے حد بے چین ہوئے اور عزم کر لیا کہ جس حد تک ممکن ہو گا۔ ڈاکٹر صاحبان کی ٹیمیں لے کر نکلیں گے۔ دوائیں ساتھ لے کر جائیں گے اور نادار مریضوں کے لئے فری میڈیکل کیمپ لگائیں گے اجلاس بلوائے جاتے، مشورے ہوتے، غریب علاقوں کا انتخاب ہوتا۔ اطلاعات دی جاتیں اور مقررہ دن مقررہ وقت سے کچھ پہلے جناب ڈاکٹر صاحب اپنی ٹیم کو ساتھ لے کر پہنچ جاتے۔ جہاں بجلی کی سہولت ہوتی وہاں ایکسرے مشین ساتھ لے جاتے۔ نہایت توجہ سے ہر مریض کو دیکھا جاتا دوائیں مفت دی جاتیں زیادہ پریشان مریضوں کو فضل عمر ہسپتال میرپور خاص آنے کی ہدایت دے دی جاتی کبھی کبھی کھانا بھی ساتھ لے لیا جاتا اور جہاں ممکن ہوتا جماعت کھانے کا بندوبست کر دیتی۔ فری میڈیکل کیمپ کے روز ان کی طبیعت بے حد سکون پاتی تھی غریبوں ناداروں کی خدمت کر کے وہ بے حد خوش ہوتے تھے۔ ایک ماہ میں ایک فری میڈیکل کیمپ کا تو ضرور اہتمام فرماتے۔

عاجز کو جناب امیر صاحب سے ایک خاص عقیدت تھی کیونکہ عاجز کو جناب امیر صاحب کے والد بزرگوار جناب ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی کی خاص شفقت حاصل رہی۔ صدر جماعت اور امیر حلقہ ہونے سے جناب امیر صاحب کو بہت قریب سے دیکھنے کا موقع ملا باقاعدگی کے ساتھ ماہانہ اجلاس بلوائے جاتے۔ مرکزی ہدایات چھوٹی سے چھوٹی مجلس تک پہنچائی جاتیں۔ مرکزی نمائندوں کی آمد پر خاص اہتمام ہوتا۔ پورے ضلع کے چندہ جات کا حساب رکھا جاتا۔ بقایا جات کی وصولی پر خاص توجہ دی جاتی۔ تمام مجالس کی ماہانہ رپورٹس بروقت مرکز پہنچ جاتیں۔ دعوتِ الی اللہ سے اُنہیں خاص لگاؤ تھا۔ بلکہ کہنا چاہئے کہ خاص عشق تھا۔ دعوت الی اللہ کیلئے تو یہ وجود چوبیس گھنٹے مستعد تھا۔ بلکہ فری میڈیکل کیمپ لگا کر انہوں نے سندھ کے بہت سے علاقوں میں دعوت الی اللہ کیلئے راہیں ہموار کر دی تھیں۔ جماعت کے جس فرد کو بھی ان کے زیر سایہ خدمت کرنے کا موقعہ ملا۔ ہر فرد نے اپنے اپنے رنگ میں ان کی خوبیاں گنوائیں۔ ان کی تعریف کی۔

ایک شخص نے بتایا ہم نے امیر صاحب کو دعوت الی اللہ کے بارے میں رپورٹ دینے کا وعدہ کیا۔ کام کچھ بڑھ گیا تھا۔ رات کے ڈیڑھ بجے ٹیلیفون کی تیسری گھنٹی پر امیر صاحب کی طرف سے جواب موصول ہوا۔ کہنے لگے میں جاگ رہا تھا۔ اور دعائیں کر رہا تھا۔ مجھے آپ کے ٹیلی فون کا انتظار تھا۔ جناب ڈاکٹر عبدالمنان صاحب کے راہ مولیٰ میں قربان ہونے پر ایک شخص نے تبصرہ کیا "وہ احمدی تھا۔ ہم ان کے کوئی واقف کار نہ تھے۔ ہم اپنے مریض کو لے کر ان کے شفاخانے میں گئے انہوں نے مریض کو دیکھ کر کہا کہ اس کا بہتر علاج کراچی میں ہو سکتا ہے پھر وہ اپنا کام چھوڑ کر ہمارے ساتھ کراچی گئے ہمارے مریض کو آغا خان ہسپتال میں داخل کروایا اور ہمیں تسلی دی ہم سے اجازت لی اور پھر واپس ہوئے ہم کوئی احمدی تو نہ تھے۔ ایسے فرشتہ انسان کے قتل پر ہم کیوں نہ روئیں"۔ ایک دور دراز کے غیر از جماعت شخص نے کہا "جس روز جناب ڈاکٹر صاحب راہ مولیٰ میں قربان ہوئے میری بیوی نے چولھا نہیں جلایا"۔

سچ ہے کہ اللہ کے پیارے دلوں پر حکومتیں کرتے ہیں۔ انسانیت سے ان کی محبت ان کا پیار ان کا اخلاص اللہ تعالیٰ کو ایسا بھاتا ہے کہ پھر اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کا خاص الخاص احترام، اس کی محبت دلوں میں پیدا کی جاتی ہے۔ افسوس صد افسوس یہ باکمال انسان غریبوں کا ہمدرد انسان۔ گاؤں گاؤں قریہ قریہ گھوم کر غرباء کی خدمت کرنے والا مسیحا 8 ستمبر 2008ء کو سفاک قاتلوں کی گولیوں کا نشانہ بن کر صرف چوالیس سال کی عمر میں راہ مولیٰ میں قربان ہو گیا۔ ع

خاک میں کیا صورتیں ہوں گی جو پنہاں ہو گئیں

ہم خدائے بزرگ و برتر کے حضور ان کی بلندی درجات کیلئے دعائیں کرتے ہیں اور ان کے مشن کو جاری رکھنے کا بھی عزم کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

ماخوذ

معذوری کبھی بھی ترقی میں روک نہیں

بعض معذور مگر کامیاب شخصیات کا ذکر

اللہ تعالیٰ نے انسان کو نہایت ہی خوبصورت سانچے میں ڈھالا ہے۔ اس کے جسم کا ہر عضو اس کی خوبصورتی اور حسن میں اضافہ کرتا ہے۔ کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ اللہ کسی مصلحت کی بنا پر انسان کو پیدائشی طور پر یا پیدائش کے بعد کسی عضو کی خاصیت سے محروم کر دیتا ہے تو دنیا اسے معذور کا نام دے دیتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ معذور وہ ہے جو اپنے آپ کو معذور اور مجبور سمجھتا ہے اور یہ سوچتا ہے کہ ہم سے کچھ نہیں ہوسکتا، ورنہ دنیا میں بے شمار مثالیں ایسی ہیں کہ معذور انسانوں نے اپنی معذوری کا دلیرانہ مقابلہ کیا، حالات سے نبرد آزما ہوئے اور اپنی پوشیدہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر اپنے وقت کی نہایت ہی کامیاب اور مثالی شخصیت بن کر ابھرے اور دنیا ان کی تنظیم و تکریم کرنے پر مجبور ہوئی۔ رشک آتا ہے اور حیرت ہوتی ہے ایسے لوگوں کے بڑے بڑے کارناموں پر جن کی توقع بھی ان سے نہیں کی جاسکتی تھی، مگر ان لوگوں نے کر دکھائے ایسے ہی چند معذور شخصیتوں کو اس مضمون میں متعارف کرایا گیا ہے۔

1۔ ڈاکٹر طٰہٰ حسین

آپ کی پیدائش 14 نومبر 1889 کو مصر میں ہوئی۔ دو سال کی عمر میں شدید بیمار ہوئے اور بیماری کے سبب آپ کی بصارت جاتی رہی۔ آپ نے قاہرہ اور پیرس یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کی۔ قاہرہ یونیورسٹی میں عربی ادب کے پروفیسر منتخب ہوئے۔ کم وبیش 20 سال تک درس و تدریس کے فرائض سرانجام دیتے رہے۔ آپ نے ناول تنقید اور سماجی و سیاسی عناوین پر کم وبیش 40 کتابیں تصنیف کیں۔ آپ کی خودنوشت سوانح عمری ''الایام'' بیرونی ممالک میں بے حد مقبول ہوئی۔ آپ اپنی قابلیت اور صلاحیت کی بناء پر 1950ء میں مصر کے وزیر تعلیم بھی مقرر ہوئے۔ آپ نے 28 اکتوبر 1973ء کو وفات پائی۔

2۔ ہیلسن آدمس کیلر

آپ کی پیدائش 27 جون 1880ء کو امریکا میں ہوئی۔ آپ بہت بڑی مصنفہ اور ماہر تعلیم گزری ہیں۔ آپ اندھی، بہری اور گونگی تھیں۔ آپ نے بریل (Braille) نظام کے تحت تعلیم حاصل کی۔ آپ کی ایک کتاب My Life (1902ء) کو کافی شہرت ملی آپ کی زندگی پر ڈرامے بھی سٹیج کئے گئے اور فلم بھی بنائی گئی۔ ہیلسن یکم جون 1968ء کو دنیا سے رخصت ہوئیں۔

3۔ جان ملٹن

آپ کی پیدائش 9 دسمبر 1608ء کو لندن میں ہوئی۔ آپ نے کیمبرج یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کی۔ آپ انگریزی زبان کے نہایت ہی مشہور و معروف شاعر گزرے ہیں۔ آپ نے لاطینی اور اطالوی زبانوں میں بھی شاعری کی۔ آپ 1651ء میں بینائی سے محروم ہوگئے۔ 1652ء میں شریک حیات بھی داغ مفارقت دے گئیں۔ اپنی معذوری اور اہلیہ کی موت کے غم کے باوجود انہوں نے اپنی جدوجہد جاری رکھی۔ انگریزی شاعری کی دنیا میں ولیم شیکسپیئر کے بعد دوسرا مقام آپ ہی کو حاصل ہے۔ آپ نے اپنی تحریروں کے ذریعے پریس کی آزادی کی کھل کر حمایت کی۔ ویسے تو آپ کی بے شمار نظمیں شائع ہوئیں مگر ایک رزمیہ نظم فردوسِ گم گشتہ (1667ء) (Paradise lost) بے حد مقبول ہوئی۔ آپ نے 8 نومبر 1674ء کو وفات پائی۔

4۔ تھامس ایلوا ایڈیسن

آپ کی پیدائش 11 فروری 1847ء کو امریکا میں ہوئی۔ آپ نے رسمی تعلیم بہت کم پائی۔ 10 سال کی قلیل عمر میں اپنے گھر ہی میں سائنسی تجربہ گاہ قائم کی 12 سال کی عمر میں ٹرین میں اخبار، ٹافی اور مٹھائی فروخت کر کے زندگی کی کفالت کی۔ آپ اوائل عمر میں ہی جزوی بہرے پن کا شکار ہوگئے۔ 37 سال کی عمر میں پہلی شریک حیات کی وفات ہوگئی۔ آپ نے بیشمار چیزیں ایجاد کیں۔ کہا جاتا ہے کہ 1093 ایسی ایجادات ہیں جن میں بلاواسطہ یا بالواسطہ آپ کی خدمات شامل رہیں۔ آپ کی ایجادوں میں بلب کی ایجاد سب سے افضل درجہ رکھتی ہے۔ آپ 80 سال کی عمر میں بھی نہایت ہی چاق و چوبند اور تر و تازہ رہ کر نئی ایجادات کی تلاش میں سرگرداں رہے۔ آپ 18/ اکتوبر 1937ء کو دنیا سے چل بسے۔

5۔ فرینکلن ڈیلانو روز ویلٹ

آپ کی پیدائش 30 جنوری 1882ء کو امریکا میں ہوئی۔ آپ امریکا کے 32 ویں صدر تھے۔ شروع سے ہی سیاست سے گہری دلچسپی تھی۔ 1922ء میں ان پر پولیو کا حملہ ہوا اور چلنے پھرنے سے معذور ہوگئے اس کے باوجود اپنا سیاسی سفر جاری رکھا۔ ایک مرتبہ بیروزگاری کے موضوع پر منعقدہ سیمینار کے موقع پر انہوں نے کہا تھا۔

''ہم لوگوں کو صرف اپنے اندر پیدا ہونے والے ڈر سے ہی ڈر ہے''۔

پہلی صدارت کے بعد 1936ء 1940ء اور 1944ء میں صدر کے انتخاب میں شامل ہوئے اور ہر مرتبہ اپنے مدمقابل کو شکست دی۔ اس طرح انہوں نے دوسری، تیسری اور چوتھی بار امریکہ کی صدارت کی کرسی پر بیٹھ کر دنیا کو دکھا دیا کہ کسی انسان کی معذوری اس کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ نہیں، صرف علم پیہم اور جدو جہد جاری رکھنی شرط ہے۔ آپ نے 12 اپریل 1945ء میں وفات پائی۔

6۔ اسٹیفن ولیم ہاکنس

آپ کی پیدائش 8 جنوری 1942ء کو انگلینڈ میں ہوئی۔ آپ اصولی طبیعات کے ماہر ہیں۔ آپ نے آکسفورڈ یونیورسٹی اور کیمبرج یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کی۔ آپ نے نظریہء اضافیت اور بلیک ہول وغیرہ کے موضوعات پر گراں قدر اضافے کئے۔ آپ مکمل مفلوج ہیں وہیل چیئر پر رہتے ہیں۔ آپ کے دو چار منٹ کے لیکچر کا معاوضہ لاکھوں روپے ہوتا ہے۔ آپ کی کتاب A Brief History of Time (1988ء) کافی مشہور ہے۔

7۔ جارج ڈو موریر لوئس پامیلا بسن

آپ کی پیدائش 6 مارچ 1834ء کو پیرس میں ہوئی۔ آپ بہت بڑے ناول نگار اور ہزلیہ مصور تھے۔ جب ایک آنکھ کی بینائی چلی گئی تو آپ تصویر بنانا چھوڑ کر نقشہ نویسی کے فن سے منسلک ہوگئے۔ آپ نے کئی ناول لکھے۔ آپ کے ناول Tribity(1864) کو کافی شہرت ملی۔ آپ کا انتقال 1896ء کو لندن میں ہوا۔

8۔ فریڈا کاہلو

آپ کی پیدائش 6 جولائی 1907ء کو میکسیکو میں ہوئی۔ آپ بہت بڑی مصورہ تھیں۔ بچپن میں ہی پولیو کا شکار ہوگئیں۔ 18 سال کی عمر میں بس حادثے میں ایسی بری طرح زخمی ہوئیں کہ تیرہ آپریشن کئے گئے اس کے باوجود مصوری کا شوق ختم نہیں ہوا۔ آپ کسی بھی تصویر کو اتارنے میں بڑی ماہر تھیں۔ آپ 13 جولائی 1954ء کو وفات پاگئیں۔

9۔ اڈولف ہٹلر

ہٹلر کی پیدائش 20/ اپریل 1899ء کو آسٹریا میں ہوئی۔ آپ جرمنی کے فرماں روا تھے۔ پہلی جنگ عظیم میں بطور سپاہی شریک ہوئے۔ جنگ میں بری طرح زخمی ہوئے اور دشمن کے ذریعے پھینکے گئے گیس سے آپ کا جسم کافی متاثر ہوگیا۔ اس کے باوجود اپنے عزائم کو بلند رکھا اور سیاسی سفر کی رفتار میں کمی نہیں آنے دی۔ ایک وقت ایسا بھی آیا کہ آپ جرمنی کے چانسلر کے عہدے کے لئے مدعو کئے گئے۔ آپ کی تاریخ وفات 30/ اپریل 1945ء ہے۔

10۔ ولیم ارنیسٹ ہینلی

آپ کی پیدائش 23/ اگست 1849ء کو انگلینڈ میں ہوئی۔ آپ بہت بڑے شاعر، نقاد اور صحافی تھے۔ آپ تپ دق کے مرض (ٹی بی) میں مبتلا ہوئے۔ مرض کا حملہ اس قدر شدید تھا کہ آپ کی ایک ٹانگ کاٹ دی گئی اور دوسری ٹانگ آپریشن کر کے کسی طرح بچائی گئی، اس کے باوجود لکھنا پڑھنا نہیں چھوڑا۔ آپ نے کئی کتابیں لکھیں۔ ان میں سے ایک مشہور نظم کی کتاب Invictus (1875ء) ہے۔ آپ کئی رسالوں اور اخباروں کے مدیر بھی رہے جن میں ایک ہفتہ وار اخبار Scot Observer بعد میں اس کا نام National Observer پڑا کافی مشہور ہے۔ 11 جولائی 1903ء کو آپ کا انتقال ہوا۔

11۔ میری بیکر ایڈی یا میری مورس بیکر

آپ کی پیدائش 16 جولائی 1821ء کو امریکا میں ہوئی۔ آپ ایک مذہبی خاتون تھیں اور بڑی فعال شخصیت کی حامل تھیں۔ آپ کو مسیحی سائنس Christian Science کا خالق کہا جاتا ہے۔ زندگی کا بیشتر حصہ شدید بیماری میں گزرا اور صحت بری طرح متاثر ہوگئی۔ آپ نے کئی کتابیں تصنیف کیں۔ آپ کی ایک مشہور کتاب کا نام Science and Health with Key to Scripture (1875) ہے جسے کافی شہرت ملی۔ آپ 3 دسمبر 1910ء کو اس دنیا سے کوچ کر گئیں۔

12۔ ارنیسٹ ملر ہیمنگوے

آپ کی تاریخ پیدائش 21 جولائی 1899ء ہے۔ آپ امریکہ کے نامور مصنف تھے۔ ہائی سکول کی تعلیم کے فوراً بعد صحافت شروع کر دی۔ پہلی جنگ عظیم میں بری طرح زخمی ہونے کے باوجود پڑھنے لکھنے سے منہ نہیں موڑا۔ آپ نے کئی کتابیں لکھیں۔ ایک مشہور کتاب کا نام Our Times (1925) ہے۔ آپ کا انتقال 2 جولائی 1961ء کو ہوا۔

13۔ ولیم پریسکوٹ

آپ 4 مئی 1796ء کو امریکہ میں پیدا ہوئے۔ آپ بہت بڑے مورخ گزرے ہیں۔ آپ کی صحت ہمیشہ خراب رہتی تھی۔ آنکھوں میں بینائی بھی برائے نام تھی۔ آپ نے تاریخ کے موضوع پر کئی کتابیں لکھیں جن میں دو کتابیں History of the conquest of Mexico(1843) اور History of the Conquest of Peru(1847) کافی مقبول ہوئیں۔ آپ نے 28 جنوری 1859ء کو داعی اجل کو لبیک کہا۔

14۔ الیگزنڈر پوپ

آپ کی پیدائش 21 مئی 1688ء کو انگلینڈ میں ہوئی۔ آپ بہت بڑے شاعر اور طنز نگار گزرے ہیں آپ نے سکول سے بہت کم تعلیم حاصل کی۔ آپ نے کتابوں کا مطالعہ کر کے اپنے علم میں اضافہ کیا۔ آپ کی ریڑھ کی ہڈی عیب دار تھی جس کی وجہ سے جسم کی

اچھی طرح نشوونما نہیں ہو پائی۔ اور بہت سارے کام کرنے سے معذور ہو گئے۔ آپ کی ایک کتاب An Essay on Criticism بہت مشہور ہوئی۔ آپ 30 مئی 1744ء کو اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔

15۔ ولیما روڈولف

آپ 23 جون 1940ء کو امریکا میں پیدا ہوئیں آپ ایک سرپٹ دوڑنے والی Sprinter خاتون تھیں۔ بچپن میں ایک بیماری کے سبب پیر بری طرح متاثر ہو گیا۔ ڈاکٹروں نے ان کے پیر کے لئے Orthopaedic Shoe بنایا جن کو 11 سال تک پہنتی رہیں۔ اس کے باوجود اپنا کھیل جاری رکھا۔ آپ باسکٹ بال کی بھی اچھی کھلاڑی تھیں۔ آپ امریکہ کی پہلی خاتون ہیں جنہوں نے ایک ہی اولمپک میں ہونے والے Track and Field کے کھیل میں تین طلائی تمغے حاصل کئے۔ آپ کی وفات 12 نومبر 1994ء کو ہوئی۔

16۔ رابرٹ لوئی اسٹیونسن (بال فور)

آپ کی پیدائش 13 نومبر 1850ء کو سکاٹ لینڈ میں ہوئی۔ آپ بڑے مضمون نگار، ناول نویس اور شاعر گزرے ہیں۔ آپ تپ دق (ٹی بی) جیسے مہلک مرض کا شکار تھے۔ اکثر آب و ہوا تبدیل کرتے رہتے تھے اور ساتھ لکھنے پڑھنے کی رفتار بھی تیز رکھتے تھے۔ آپ نے کئی ناول لکھے۔ ایک مشہور ناول کا نام Treasure Island(1883) ہے۔ آپ کی تاریخ وفات 3 دسمبر 1894ء ہے۔

17۔ ہنری (میری۔ ریمنڈ) یا تالوز لوترک

آپ کی پیدائش 24 نومبر 1864ء کو فرانس میں ہوئی۔ آپ بہت بڑے مصور اور گرافک آرٹسٹ گزرے ہیں۔ ایک حادثے میں دونوں پیر ٹوٹ گئے اور چلنے پھرنے سے بالکل معذور ہو گئے۔ آرٹ کو اپنا مشغلہ بنایا۔ پتھروں میں نقش نگاری (Lithography) کرنے میں بڑے ماہر تھے۔ آپ نے 9 ستمبر 1901ء کو وفات پائی۔

18۔ ونود بہاری مکھرجی

